”میں تمہیں اللہ سے ڈرنے اور (امیر کی بات) سننے اور ماننے کی وصیت کرتا ہوں، اگرچے تم پر کوئی حبشی غلام امیر بن جائے (یاد رکھو!)تم میں سے جو میرے بعد زندہ رہے گا وہ یقینا بہت اختلاف دیکھے گا چنانچے تم میری سنت کو اور ہدایت یافتے خلفائے راشدین کے طریقے کو لازم پکڑنا

ابو نجیح عرباض بن ساریہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں: (ایک مرتبہ) رسول اللہ ﷺ نے ہمیں ایک موثر وعظ فرمایا جس سے دل کانپ اٹھے اور آنکھیں بھر آئیں ہم نے کہا: اے اللہ کے رسول ہے! یہ وعظ تو گویا کسی الوداع کہنے والے کے وعظ کی طرح ہے لہٰذا آپ ہمیں وصیت فرمائیں رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ”میں تمہیں اللہ سے ڈرنے اور (امیر کی بات) سننے اور ماننے کی وصیت کرتا ہوں، اگرچے تم پر کوئی حبشی غلام امیر بن جائے (یاد رکھو!)تم میں سے جو میرے بعد زندہ رہے گا وہ یقینا بہت اختلاف دیکھے گا چنانچے تم میری سنت کو اور ہدایت یافتے خلفائے راشدین کے طریقے کو لازم پکڑنا، انہیں دانتوں سے خوب جکڑ لینا اور دین میں نئے نئے کام ایجاد کرنے سے بچنا، کیونکے ہر بدعت گمراہی ہے“

[صحيح] [رواه أبو داود والترمذي]

ایک دن اللہ کے نبی صلی اللہ علیہ و سلم نے وعظ فرمایا وعظ اتنا متاثر کرنے والا تھا کے اس سے لوگوں کے دل دہل گئے اور آنکھوں سے آنسو بہے پڑے یہ منظر دیکھ کر صحابہ نے کہا کے اے اللہ کے رسول! ایسا معلوم ہوتا ہے کے یہ ایک الوداع کہنے والے کی جانب سے پیش کیا جانے والا خطاب ہے کیوں کے انھوں نے دیکھا کے اللہ کے نبی صلی اللہ علیہ و سلم نے خطاب کرتے وقت اپنا کلیجے نکال کر رکھ دیا لہٰذا انھوں نے آپ سے کچھ وصیت کرنے کو کہا، تاکے آپ کے بعد اسے مضبوطی سے پکڑے رہیں چنانچے آپ نے کہا: میں تم کو اللہ عز وجل کا خوف رکھنے کی وصیت کرتا ہوں یہاں یہ یاد رہے کے اللہ سے ڈرنے کا مطلب ہے واجبات کو ادا کرنا اور محرمات سے اجتناب کرنا اسی طرح میں تم کو حکمرانوں کا حکم سننے اور ماننے کی وصیت کرتا ہوں خواہ تمھارا حکمراں کوئی حبشی غلام ہی کیوں نہ ہو یعنی ایک معمولی سے معمولی انسان بھی اگر تمھارا حکمراں بن جائے، تو تم اس سے بدک کر دور مت ہٹو تم اس کی بات مانو، تاکے فتنے سر نہ اٹھا سکیں کیوں کے تم میں سے جو لوگ زندہ رہیں گے، وہ بہت سارا اختلاف دیکھیں گے پھر اللہ کے نبی صلی اللہ علیہ سلم نے اپنے صحابہ کو اس اختلاف سے نکلنے کا راستے بتایا راستے یہ ہے کے آپ کی سنت اور آپ کے بعد مسند خلافت سنبھالنے والے نیک ہدایت یاب خلفا؛ ابو بکر صدیق، عمر بن خطاب، عثمان بن عفان اور علی بن ابو طالب رضی اللہ عنہم کی سنت کو مضبوطی سے تھام کر رکھا جائے آپ نے اسے داڑھوں سے پکڑنے کا حکم دیا یعنی ہر حال میں سنت کو لازم پکڑا جائے اور اس پر قائم رہا جائے اس کے بعد آپ نے ان کو دین کے نام پر سامنے آنے والی نت نئی چیزوں یعنی بدعات و محدثات سے خبردار کیا کیوں کے دین کے نام پر سامنے آنے والی ہر نئی چیز گمراہی ہے


لجنة الدعوة الإلكترونية
EDC
E-Da'wah Committee


النجاة الخيرية
ALNAJAT CHARITY